
Jubilee
LIFE INSURANCE



# JIYAPO

# جیاپو

زندگی غیر یقینی صورتحال سے بھری پڑی ہے اور آپ یہ کبھی نہیں جان سکتے کہ کب بدقسمتی آپ کے دروازے پر دستک دیدے۔ خاندان کا سرپرست ہونے کے ناتے یہ آپ کی ذمے داری ہے کہ آپ اُن تمام خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں جو آپ نے اپنے خاندان کے لئے دیکھ رکھے ہیں۔ زندگی گاہے بگاہے ہمیں مختلف امتحانات کے ذریعے آزماتی رہتی ہے جبکہ آپ اپنی اور خاندان والوں کی دیکھ بھال میں مصروف رہتے ہیں اور اس میں سے کچھ وقت نکال کر ان کے مالی تحفظ اور بچت کی تدبیر بھی کرتے ہیں۔

Jubilee Life کا جیاپو ایک خاص پلان ہے جو آپ کی مالی ضروریات اور تحفظ کو سامنے رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ آپ کو ایک بھرپور زندگی جینے کی مکمل آزادی دینے کے ساتھ ساتھ ناگہانی حادثات سے نمٹنے کے لئے تیار بھی رکھتا ہے۔

## جیاپو میرے لئے کیوں ضروری ہے؟

جیاپو خاص طور پر ترتیب دیا گیا انشورنس پلان ہے جو آپ کے اہل خانہ کو اُس وقت مالی تحفظ فراہم کرے گا جب آپ اُن کے درمیان موجود نہ ہوں گے۔ جبکہ دوسری طرف جمع ہونے والا فنڈ آپ کے بچوں کی تعلیم، اُن کی شادی یا آپ کے ریٹائرمنٹ کے بعد آپ کے روزمرہ اخراجات کے استعمال کے لئے بچا کر رکھا جا سکتا ہے۔

## کیا میں جیاپو کا اہل ہوں اور اس کی دستیاب مدّت کتنی ہے؟

اگر آپ کی عمر تاریخ پیدائش کے لحاظ سے 18 سے 59 سال کے درمیان ہے تو آپ جیاپو کے اہل ہیں۔ دستیاب مدّت 10، 15 اور 20 سال پر محیط ہے یعنی آپ یہ پالیسی 10، 15 اور 20 سال تک برقرار رکھ سکتے ہیں تاہم پلان کی مدّت / معیاد پوری ہونے تک آپ کی زیادہ سے زیادہ عمر بلحاظ تاریخ پیدائش 70 سال ہونی چاہیے۔

## جیاپو ہی کیوں؟

اس پلان کے ذریعے آپ:

- اپنی مالی پاسداری کے لئے اپنی مرضی سے پلان کر سکتے ہیں
- اپنی سرمایہ کاری کی سوچ کے لحاظ سے انویسٹمنٹ فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں
- سرمایہ کاری کی بہترین حکمتِ عملی کے ساتھ سرمائے میں اضافہ حاصل کر سکتے ہیں

- اضافی فنڈ کی موجودگی میں مزید سرمایہ کاری کے مواقع حاصل کر سکتے ہیں
- اضافی فوائد کے ساتھ آپ اپنی مرضی کے مطابق تحفّظ کی فراہمی کو یقینی بنا سکتے ہیں

## تحفّظ

جیاپو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ جب آپ اپنے مستقبل کے ارادوں کے لئے بچت کی تدبیر کر رہے ہوں تو یہ پلان آپ کے اہل خانہ کے لئے لائف انشورنس کے بہترین تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔

خدانخواستہ اگر آپ پلان کی مدّت کے دوران انتقال کر جاتے ہیں تو آپ کے اہل خانہ کو بیمے کی رقم یا جمع شدہ کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) مع ورثاء کو ملنے والے فوائد ادا کر دی جائے گی۔

## اضافی فوائد

جیاپو آپ کو مخصوص انشورنس ضروریات کے حصول کے لئے آپ کے پلان کو آپ کی مرضی کے مطابق ڈھالتا ہے اور آپ کو مندرجہ ذیل اضافی فوائد کے حصول کا موقع فراہم کرتا ہے:

### حادثاتی موت کی صورت میں

کسی حادثے کے نتیجے میں واقع ہونے والی موت کی صورت میں ایک معقول اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

## جیاپو کی منفرد خصوصیات

### میڈیکل کی ضرورت نہیں

کوئی بھی دوسرا پلان طویل طبّی معائنے کے بغیر آپ کو انشورنس کے حصول کا اہل نہیں کرتا۔ جیاپو آپ کو طبّی معائنے کے بغیر حاصل ہو سکتا ہے۔

## ورثاء کو حاصل ہونے والے فوائد

خدانخواستہ اگر موت واقع ہو جائے تو آپ کے ورثاء کو بیمے کی رقم یا کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) کے علاوہ اضافی رقم بھی مہیا کی جائے گی جو ان کی اہم ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہو گی۔

## جیاپو میرے لیے کس طرح مفید ہے؟

جیاپو آپ کو اس قابل کرتا ہے کہ آپ:

- چار پروڈکٹ پیکیجز یعنی پروڈکٹ A، B، C یا D میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں
- اور اپنے پلان کی مدّت کا انتخاب کریں

آپ کی جمع شدہ رقم کو آپ کی مرضی کے فنڈ (مینجڈ، میثاق، یقین گروتھ یا کیپٹل گروتھ فنڈ) میں لگایا جائے گا جس کی انتظام کاری ماہر انویسٹمنٹ مینجرز کی نگرانی کی جاتی ہے اور جسے پریمیئم سکیورٹیز کی مدد حاصل ہے تاکہ کم سے کم رسک کے ساتھ زیادہ سے زیادہ منافع کو یقینی بنایا جائے۔

آپ کی رقم پر پلان کی مدّت کے دوران منافع حاصل ہوگا۔ آپ منتخب کردہ مدّت کے اختتام پر جمع شدہ کیش ویلیو مجموعے کی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں۔

## مجھے کتنی رقم جمع کرانا ہوگی اور اس سے مجھے کیا فوائد حاصل ہوں گے؟

اس پلان کے تحت آپ کے لئے چار مختلف پیکیجز موجود ہیں۔ ذیل میں پریمیئم کی رقوم جو آپ کو جمع کرانی ہیں اور اُس سے منسلک فوائد درج ہیں:

| پیکیج | بنیادی پریمیئم کی رقم | لائف انشورنس کور (موت کی صورت میں) | ورثاء کیلئے فوائد |
|---|---|---|---|
| اے | 10 ہزار روپے | 2 لاکھ روپے | 1 لاکھ روپے |
| بی | 15 ہزار روپے | 3 لاکھ روپے | 2 لاکھ روپے |
| سی | 18 ہزار روپے | 4 لاکھ روپے | 2 لاکھ روپے |
| ڈی | 18 ہزار روپے | 1 لاکھ روپے | 1 لاکھ روپے |

## میری رقم کیسے مختص کی جائے گی؟

جو رقم آپ جیاپو میں جمع کرائیں گے اُسے مندرجہ ذیل لحاظ سے مختص کیا جائے گا:

| پالیسی کا سال | پہلا | دوسرا | تیسرا | چوتھا اور اس کے بعد | ایڈہاک |
|---|---|---|---|---|---|
| یونٹ اکاؤنٹ کیلئے مختص شرح پریمیئم | 40 فیصد | 70 فیصد | 90 فیصد | 100 فیصد | 100 فیصد |

* جیاپو ابتدائی سال کی ایلوکیشنز فراہم کرتا ہے جو فنڈ میں طویل مدتی اضافے کیلئے خاص طور پر ترتیب دیا گیا ہے۔



## جیاپو میں جمع کرائیگئی میری رقم کی انتظام کاری Jubilee Life کیسے کرتا ہے؟

Jubilee Life ان میں سے کسی ایک میں سرمایہ کاری کے لئے آپ کو مواقع فراہم کرتا ہے:

| | |
|---|---|
| مینجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔ |

ان فنڈز کی انتظام کاری سرمایہ کاری کے ماہرین کرتے ہیں اور انہیں بہترین سکیورٹیز کی مدد حاصل ہے جو رسک کی بہتر منصوبہ بندی کے ساتھ زیادہ سے زیادہ منافع کو یقینی بناتے ہیں۔

## کیا میں جیاپو میں لگایا گیا سرمایہ واپس نکال سکتا ہوں؟

جی ہاں، جیاپو کے تحت آپ اس بات کے اہل ہیں کہ آپ اپنا سرمایہ (کلی یا جزوی) واپس نکال سکتے ہیں بشرطیکہ آپ 2 سال کا پریمیئم جمع کرا چکے ہوں۔

- **جزوی رقم نکلوانا:** اگر آپ کسی ناگہانی ضروریات کی تکمیل چاہتے ہوں لیکن پالیسی کو ختم کرنا نہیں چاہتے تو آپ جتنی چاہے رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ نقد مالیت (Residual Cash Value) 10 ہزار روپے سے زیادہ یا اس کے مساوی ہو (کمپنی باقی ماندہ نقد مالیت کے اندر ردوبدل کرنے کا حق رکھتی ہے)۔
- **پالیسی کا مکمل خاتمہ:** پالیسی کے 2 سال کی تکمیل کے بعد آپ اپنی پالیسی ترک کر سکتے ہیں (بشرطیکہ ان دو برسوں کا مکمل پریمیئم جمع کرایا جا چکا ہو)۔ پالیسی کے خاتمے کے وقت آپ کو اپنی جمع شدہ کیش ویلیو مکمل طور پر ادا کر دی جائیگی تاہم پالیسی کے ابتدائی برسوں میں خاتمے کی صورت میں قدرے کم کیش ویلیو حاصل ہو سکتی ہے۔

## کیا جیاپو کی کچھ دیگر اہم خصوصیات بھی ہیں؟

- **آٹو میٹک کور مینٹیننس:** 2 سال پریمیئم ادا کرنے کے بعد اگر آپ اپنے پریمیئم ادا نہیں کر سکتے تب بھی آپ لائف انشورنس کور کے اہل ہوں گے بشرطیکہ آپ کے پلان کی کیش ویلیو اتنی ہو کہ وہ آپ کی پالیسی کے اخراجات ادا کر سکے۔
- **ٹاپ اَپ پریمیئم (ایڈہاک پریمیئم):** کسی سال اگر آپ اپنے پلان میں کچھ اضافی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہوں تو جیاپو آپ کو موجودہ پریمیئم کی رقم کے علاوہ اضافی رقم بھی جمع کرانے کی سہولت مہیا کرتا ہے تاکہ آپ اپنی کیش ویلیو میں اضافہ کر سکیں۔

## جیاپو کے کیا چارجز ہیں؟

ابتدائی برسوں میں کم ایلوکیشنز کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز * بھی پلان پر لاگو ہوتے ہیں:

- فنڈ ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- ایڈمنسٹریٹو چارجز (حالیہ 55 روپے ماہانہ)
- 5 فیصد بڈ آفر اسپریڈ

- عمر کی بنیاد پر بیمے کی کل رقم پر عائد مورٹیلیٹی چارجز

* کمپنی تمام چارجز پر از سر نو غور کرسکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ (Free Look Period)

Jubilee Life، 14 دنوں پر مشتمل فری لُک عرصہ بھی فراہم کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط پر غور اور اسے منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم تحریری درخواست پر پالیسی ڈاکومنٹ کی وصولی کی تاریخ سے 14 دنوں کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔ براہ کرم یہ بات ذہن نشین کر لیجئے کہ Jubilee Life طبّی معائنے پر اُٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

## جیاپو یونٹس میں سرمایہ کاری کے رِسک کے بارے میں اہم نکات:

- فنڈ کی کارکردگی اور مارکیٹ کے خطرات پر انحصار کی وجہ سے یونٹس کی مالیت کم، زیادہ یا یکساں رہ سکتی ہیں۔
- فنڈ کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان میں سے کسی بھی فنڈ کی مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر نہیں کرتی۔

## Jubilee Life فنڈ یونٹ کی قیمتوں کے بارے میں معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

Jubilee Life فنڈ یونٹ کی قیمتیں تمام اہم اخبارات میں شائع ہوتی ہیں اس کے علاوہ اس بارے میں معلومات Jubilee Life کی ویب سائٹ www.jubileelife.com سے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

## میں جیاپو کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

آپ ہمارے انشورنس ایڈوائزرز سے رابطہ کرسکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ www.jubileelife.com پر بھی رجوع کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ 111-111-554 یا JLI لکھ کر 8282 پر ایس ایم ایس کردیں ہمارا کسٹمر سروسز نمائندہ آپ سے فوری طور پر ملاقات کرے گا۔

JUBILEELIFE.COM

Jubilee Life Insurance Company Limited
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone: (021)35611071 - 5, 35611802 - 8,
Fax: (021)35610959, 35610805
SMS: JLI to 8282
Email: info@jubileelife.com
Website: www.jubileelife.com